Urdu | اردو

Cancer Council SA

# کینسر جلد دریافت کرنے والے ٹیسٹ

## آسٹریلیا کے کینسر اسکریننگ پروگرام کے بارے میں معلومات



کینسر کی جلد دریافت

معلومات اور معاونت

**13 11 20**

**cancersa.org.au**

# کینسر کا جلد پتہ چلانے کے ٹیسٹ

آسٹریلیا میں کینسر اسکریننگ کے تین پروگرام ہیں۔ ان پروگرامز میں آنتوں، چھاتی اور سروائیکل کینسر کی ابتدائی علامات تلاش کرنے کے لیے آسان ٹیسٹ کیے جاتے ہیں۔ کینسر کا جلد پتہ لگنے سے اس کا علاج آسان ہوتا ہے، اور زندہ رہنے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔

یہ ٹیسٹ ایسے افراد کے لیے ہیں جن میں کینسر کی علامات نہیں ہیں۔ اگر آپ میں کینسر کی علامات ہیں تو اپنے ڈاکٹر کو بتائیں۔

اگر آپ کے پاس سبز یا نیلا (عبوری) میڈی کیئر کارڈ ہے تو تینوں ٹیسٹ مفت ہیں۔ اگر آپ کے پاس میڈی کیئر کارڈ نہیں ہے، تو اپنے ڈاکٹر سے پوچھیں کہ ٹیسٹوں پر کتنا خرچ آئے گا۔

## کینسر کی سکریننگ آپ کی جان بچا سکتی ہے۔

اگر آپ بڑی آنت، چھاتی یا سرویکل کینسر کی سکریننگ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتی\چاہتے ہیں تو یہاں جائیں:

- cancersa.org.au
- breastscreen.sa.gov.au
- ncsr.gov.au

اگر کینسر کی تشخیص کے بعد آپ کو سہارے کی ضرورت ہے تو **Cancer Council SA** کو **13 11 20** پر کال کریں۔



یہ وسیلہ کینسر کاؤنسل SA اور بریسٹ سکرین SA نے تخلیق دیا، جبکہ پرنٹنگ اور ترجمے کے لیے Country SA PHN نے فنڈز دیئے۔

phn COUNTRY SA — An Australian Government Initiative

Breast Screen SA

Government of South Australia — SA Health

Cancer Council SA

کینسر کے بارے میں مفت* اور رازدارانہ معلومات اور معاونت کے لیے، پیر تا جمعہ صبح 9.00 بجے سے شام 5.00 بجے تک:

- Cancer Council کو **13 11 20** پر کال کریں
- **cancersa.org.au** پر جا کر آن لائن چیٹ کریں
- **askanurse@cancersa.org.au** پر ای میل کریں

زبانی ترجمے کی مفت* خدمت **131 450** پر دستیاب ہے۔

*ایک لوکل کال کی قیمت

فروری 2025 میں نظرثانی کی گئی




# آنتوں کے کینسر کا جلد پتہ چلانا

آسٹریلیا میں آنتوں کے کینسر کا ایک قومی پروگرام ہے۔ اس پروگرام میں ایک سادہ ٹیسٹ کے ذریعے آنتوں کے کینسر کی جلد دریافت کی جاتی ہے، اکثر اوقات اس سے پہلے کہ یہ علامات آپ کو نظر آئیں۔ ٹیسٹ آپ کے گھر کے پتے پر بھیج دیا جائے گا۔

45 سے 74 سال کی عمر کے تمام آسٹریلوی باشندوں کو ہر دو سال بعد آنتوں کے کینسر کا ٹیسٹ کرانا چاہیے۔

**45 سے 49 سال عمر:** آن لائن اپنے پہلے آنتوں کے کینسر کے ٹیسٹ کا آرڈر دیں۔ اس کے بعد، آپ کو ہر دو سال بعد خود بخود ایک نیا ٹیسٹ موصول ہوگا۔

**50 سے 74 سال عمر:** بغیر آرڈر کیے آپ کو ہر دو سال بعد آنتوں کے کینسر کا ٹیسٹ بھیجا جائے گا۔

### کینسر کاؤنسل SA یہ تجویز کرتا ہے:

- جب آپ کو بذریعہ ڈاک ٹیسٹ کٹ موصول ہو تو اسے مکمل کرکے واپس بھیجیں
- اگر آپ میں آنتوں کے کینسر کی علامات ہوں تو اپنے ڈاکٹر سے ملیں۔ علامات میں آپ کے مقعد سے خون آنا، پاخانے کے بعد بیت الخلا میں یا ٹوائلٹ پیپر پر خون دیکھنا، بغیر وجہ کے قبض یا اسہال یا بغیر وجہ تھکاوٹ شامل ہیں۔
- اگر آپ کے خاندان میں آنتوں کے کینسر کی ہسٹری ہے تو اپنے ڈاکٹر سے ملیں۔

**درج ذیل کے لیے کیوآر کوڈ سکین کریں:**

- **اپنی پہلی ٹیسٹ کٹ یا ایک متبادل ٹیسٹ آرڈر کرنا۔**
- **اپنی زبان میں معلومات حاصل کریں۔**



# بریسٹ یا چھاتیوں کے کینسر کا جلد پتہ چلانا

بریسٹ سکرین SA چھاتی کے کینسر کا جلد پتہ لگانے کے لیے مفت اسکریننگ میموگرام کی پیشکش کرتا ہے۔ میموگرام سے مراد چھاتیوں کا ایکسرے ہے۔

اسکریننگ میموگرام 40 سال اور اس سے زیادہ عمر کی خواتین کے لیے ہیں، خاص طور پر 50 سے 74 سال کی عمر کی خواتین کے لیے۔

اپنی مفت میموگرام بک کروانے کے لیے کیو آر کوڈ اسکین کریں یا بریسٹ سکرین SA کو 50 20 13 پر کال کریں۔ وہ آپ کے لیے بغیر کسی قیمت کے ایک خاتون زبانی مترجم بک کر سکتے ہیں۔

تمام عملہ خواتین پر مشتمل ہے۔ اس کے لیے آپ کو اپنے ڈاکٹر سے ریفرل کی ضرورت نہیں ہے۔

### کینسر کاؤنسل SA اور بریسٹ سکرین SA تجویز دیتی ہے:


- ہر دوسال بعد ایک مفت سکریننگ میموگرام کروانا۔
- اپنی چھاتیوں کی عام شکل و صورت کو جاننا تاکہ اگر ان میں کوئی تبدیلی ہو تو آپ کو نظر آئے۔ تبدیلیوں میں گلٹیاں، نپل سے مادے کا اخراج، یا کوئی اور ایسی تبدیلی شامل ہے جو آپ کے لیے عام نہ ہو۔
- اگر آپ تبدیلیاں محسوس کریں تو اپنے ڈاکٹر سے ملنا، کیوں‌کہ سکریننگ میموگرام آپ کے لیے موزوں نہیں ہے۔

### درج ذیل کے لیے breastscreen.sa.gov.au پر جائیں:

- میموگرام کروانے کے بارے میں مزید معلومات۔
- اپنی زبان میں معلومات۔

**درج ذیل کے لیے کیوآر کوڈ سکین کریں:**

- **اپنی میموگرام اپائنٹمنٹ آن لائن بک کریں۔**



# سروائیکل کینسر کی جلد دریافت

ہیومن پیپیلوما وائرس (HPV) کے خلاف امیونائزیشن کروا کر اور باقاعدہ سرویکل اسکریننگ ٹیسٹ کروا کر سروائیکل کینسر کو روکا جا سکتا ہے۔

25 سے 74 سال کی عمر کی خواتین اور سرویکس والے لوگوں کو ہر پانچ سال بعد میڈیکل کلینک میں ٹیسٹ کروانا چاہیے۔ آپ خود ٹیسٹ کرنے (سیلف کلیکشن) کا انتخاب کر سکتے ہیں، یا پھر ڈاکٹر یا نرس آپ کا ٹیسٹ کر سکتے ہیں۔

### کینسر کاؤنسل SA یہ تجویز کرتا ہے:

- HPV کے خلاف امیونائزیشن کروانا۔ ویکسین 12 سے 25 سال کی عمر کے افراد کے لیے مفت ہے۔ ایک فارمیسی یا میڈیکل کلینک سے ویکسین حاصل کریں۔ سال 7 کے طلباء کو اسکول میں ویکسین کی پیشکش کی جاتی ہے۔
- 25 سال کی عمر سے سروائیکل اسکریننگ کروانا۔
- اپنی اپائنٹمنٹ بک کرواتے ہوئے اگر ضرورت ہو تو زبانی مترجم طلب کریں۔ اگر آپ کی ترجیح ہو تو آپ ایک خاتون ڈاکٹر یا نرس کی درخواست کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ میں سروائیکل کینسر کی کوئی علامات ہوں تو اپنے ڈاکٹر سے ملنا۔ علامات میں آپ کی ماہواری کے دنوں کے علاوہ خون آنا یا سیکس کے دوران درد شامل ہے۔

**سروائیکل سکریننگ کے بارے میں مزید معلومات، بشمول سیلف کلیکشن آپشن، کے لیے کیوآر کوڈ سکین کریں۔**